[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**
**BILL**

further to amend the Elections Act, 2017

WHEREAS it is expedient further to amend the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Elections (Amendment) Bill, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XXXIII of 2017.**- In the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017), hereinafter referred to as the said Act, in section 2,-

(i) in clause (xl),in the end, the word "and" shall be omitted;

(ii) in clause (xli), in sub-clause (b), in paragraph III for the full stop at the end the expression ";and" shall be substituted and thereafter the following new clause (xlii)shall be inserted, namely,-

"(xlii) "youth" means anyone who has attained the age of twenty-five years and not exceeded the age of thirty-five years at the time of filling of nomination paper."

3. **Amendment of section 206, Act XXXIII of 2017.**- In the said Act, in section 206, the existing section shall be re-numbered as sub-section (1) and thereafter the following new sub-sections shall be added, namely,-

"(2) A political party, while making the selection of candidates on general seats, shall ensure at least thirty percent representations of youth candidates, especially those from under-represented sections of society.

(3) A political party shall provide campaign finance support to its youth candidates selected under sub-section (2)."

4. **Amendment of section 208, Act XXXIII of 2017.**- In the said Act, in section 208, after sub-section (4), the following new sub-section (5) shall be added, namely,-

"(5) A political party shall ensure at least thirty percent youth representation in its central office-bearers and Executive Committee members, by whatever name called."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Around 64% Pakistan's population consists of people under the age of 30 years. This is a historic and very unique demographic opportunity for the country but unless young people are most directly involved in making legislation which impacts them and their constituencies, Pakistan cannot benefit from the enormous potential and innovative ability of its youth bulge.

2. This amendment seeks to increase youth electoral and political representation in Pakistan by mandating the allocation of at least 30% election tickets and at least 30% political leadership positions to young people in Pakistan. It will democratize and ensure youth representation in the decision-making of the country by also mandating preferential representation of working-class and under-represented groups of society in the elected and political leadership.

3. This Bill, therefore, seeks to achieve the aforementioned objectives.

Sd/-

**RANA IRADAT SHARIF KHAN,**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے:۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ انتخابات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ ۲ میں،

(i) شق (xl) میں، آخر میں، لفظ "اور" حذف کر دیا جائے گا؛

(ii) شق (xli) میں، ذیلی شق (ب) میں، پیرا سوم میں، آخر میں وقف کامل کو عبارت "؛اور" سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل نئی شق (xlii) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(xlii) "جوان" سے مراد کوئی شخص ہے جس کی عمر پچیس سال ہو چکی ہو اور کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے وقت اس کی عمر پینتیس سال سے زائد نہ ہو۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۰۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۰۶ میں، موجودہ دفعہ کو ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر دوبارہ شمار کیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی ذیلی دفعات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲) ایک سیاسی جماعت، عام نشستوں پر امیدواروں کا انتخاب کرتے ہوئے کم از کم تیس فی صد نوجوان امیدواروں کو نمائندگی دیئے جانے کو یقینی بنائے گی خاص کر وہ جن کا تعلق معاشرے کے کم نمائندگی والے طبقوں سے ہو۔

(۳) ایک سیاسی جماعت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت منتخب کردہ اپنے نوجوان امیدواروں کو مہم چلانے کے لئے سرمایہ کی مدد فراہم کرے گی۔"

۴۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۰۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۰۸ میں، ذیلی دفعہ (۴) کے بعد حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۵) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۵) ایک سیاسی جماعت اپنے مرکزی عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران جس بھی نام سے موسوم ہو، میں نوجوانوں کی کم از کم تیس فی صد نمائندگی کو یقینی بنائے گی۔"

## بیان اغراض ووجوہ

پاکستان کی تقریباً ۶۴ فیصد آبادی ۳۰ سال سے کم عمر لوگوں پر مشتمل ہے۔ ملک کے لئے یہ ایک تاریخی اور کافی منفرد جمہوری موقع ہے لیکن جب تک نوجوان لوگوں کو قانون سازی کے عمل میں قطعی براہ راست طور پر شریک نہیں کیا جاتا جس سے وہ خود اور ان کے حلقہ ہائے انتخاب متاثر ہوتے ہیں، پاکستان اپنے نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی بے پناہ صلاحیتوں اور اختراعی قابلیتوں سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

۲۔ اس ترمیم کا مقصد پاکستان میں نوجوانوں کی انتخابی اور سیاسی نمائندگی میں اضافہ کرنے کے لئے پاکستان میں نوجوان لوگوں کو کم از کم ۳۰ فیصد انتخابی ٹکٹ کی فراہمی اور کم از کم ۳۰ فیصد سیاسی قیادتی عہدے تفویض کرنا لازمی ٹھہرانا ہے۔ جمہوریت کو فروغ ملے گا اور ملک کے لئے فیصلہ سازی میں نوجوانوں کی نمائندگی یقینی بن جائے گی اور منتخب اور سیاسی قیادت میں معاشرے کے ملازم طبقے اور کم نمائندگی کے حامل گروپوں کو ترجیحی نمائندگی بھی حاصل ہوگی۔

۳۔ بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

رانا ارادت شریف خان،

رکن قومی اسمبلی